روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 | FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 22 ستمبر 2008ء 21 رمضان 1429 ہجری 22 تبوک 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 218

مضبوط قلعہ

حضرت حارث الاشعریؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

اللہ کو یاد کرو اور ذکرالٰہی کی مثال یوں سمجھو کہ جیسے کسی آدمی کا اس کے دشمن نہایت تیزی کے ساتھ پیچھا کرتے رہے ہوں یہاں تک کہ اس آدمی نے بھاگ کر ایک نہایت مضبوط قلعہ میں پناہ لی اور دشمنوں کے ہاتھ لگنے سے بچ گیا۔ اسی طرح بندہ شیطان سے بچ نہیں سکتا مگر اللہ کی یاد کے سہارے۔

(جامع ترمذی کتاب الامثال باب مثل الصلوٰۃ حدیث نمبر:2790)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

دعا کرنے والوں کے لئے آسمان زمین سے نزدیک آجاتا ہے اور دعا قبول ہو کر مشکل کشائی کے لئے نئے اسباب پیدا کئے جاتے ہیں اور ان کا علم پیش از وقت دیا جاتا ہے اور کم سے کم یہ کہ میخ آہنی کی طرح قبولیت دعا کا یقین غیب سے دل میں بیٹھ جاتا ہے۔ سچ یہی ہے کہ اگر یہ دعا نہ ہوتی تو کوئی انسان خداشناسی کے بارے میں حق الیقین تک نہ پہنچ سکتا۔ دعا سے الہام ملتا ہے دعا سے ہم خداتعالیٰ کے ساتھ کلام کرتے ہیں۔ جب انسان اخلاص اور توحید اور محبت اور صدق اور صفا کے قدم سے دعا کرتا کرتا فنا کی حالت تک پہنچ جاتا ہے تب وہ زندہ خدا اس پر ظاہر ہوتا ہے جو لوگوں سے پوشیدہ ہے۔ دعا کی ضرورت نہ صرف اس وجہ سے ہے کہ ہم اپنے دنیوی مطالب کو پاویں بلکہ کوئی انسان بغیر ان قدرتی نشانوں کے ظاہر ہونے کے جو دعا کے بعد ظاہر ہوتے ہیں اس سچے ذوالجلال خدا کو پا ہی نہیں سکتا جس سے بہت سے دل دور پڑے ہوئے ہیں۔ نادان خیال کرتا ہے کہ دعا ایک لغو اور بیہودہ امر ہے مگر اسے معلوم نہیں کہ صرف ایک دعا ہی ہے جس سے خداوند ذوالجلال ڈھونڈنے والوں پر تجلی کرتا اور **انا القادر** کا الہام ان کے دلوں پر ڈالتا ہے۔ ہر ایک یقین کا بھوکا اور پیاسا یاد رکھے کہ اس زندگی میں روحانی روشنی کے طالب کے لئے صرف دعا ہی ایک ذریعہ ہے جو خداتعالیٰ کی ہستی پر یقین بخشتا اور تمام شکوک و شبہات دور کر دیتا ہے۔ کیونکہ جو مقاصد بغیر دعا کے کسی کو حاصل ہوں وہ نہیں جانتا کہ کیونکر اور کہاں سے اس کو حاصل ہوئے۔ بلکہ صرف تدبیروں پر زور مارنے والا اور دعا سے غافل رہنے والا یہ خیال نہیں کر سکتا کہ یقیناً وحقاً خداتعالیٰ کے ہاتھ نے اس کے مقاصد کو اس کے دامن میں ڈالا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جو شخص دعا کے ذریعہ سے خداتعالیٰ سے الہام پا کر کسی کامیابی کی بشارت دیا جاتا ہے وہ اس کام کے ہو جانے پر خداتعالیٰ کی شناخت اور معرفت اور محبت میں آگے قدم بڑھاتا ہے۔ اور اس قبولیت دعا کو اپنے حق میں ایک عظیم الشان نشان دیکھتا ہے اور اسی طرح وقتاً فوقتاً یقین سے پُر ہو کر جذبات نفسانی اور ہر ایک قسم کے گناہ سے ایسا مجتنب ہو جاتا ہے کہ گویا صرف ایک روح رہ جاتا ہے۔ لیکن جو شخص دعا کے ذریعہ سے خداتعالیٰ کے رحمت آمیز نشانوں کو نہیں دیکھتا وہ باوجود تمام عمر کی کامیابیوں اور بے شمار دولت اور مال اور اسبابِ تنعم کے دولت حق الیقین سے بے بہرہ ہوتا ہے اور وہ کامیابیاں اس کے دل پر کوئی نیک اثر نہیں ڈالتیں بلکہ جیسے جیسے دولت اور اقبال پاتا ہے غرور اور تکبر میں بڑھتا جاتا ہے۔ خداتعالیٰ پر اگر اس کو کچھ ایمان بھی ہو تو ایسا مردہ ایمان ہوتا ہے جو اس کو نفسانی جذبات سے روک نہیں سکتا اور حقیقی پاکیزگی بخش نہیں سکتا۔

(ایام الصلح۔ روحانی خزائن جلد 14 ص 239)

خطبہ عیدالفطر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

امسال لندن میں عیدالفطر مورخہ 2/ اکتوبر 2008ء کو ہوگی۔ ایم ٹی اے انٹرنیشنل کی براہ راست نشریات کا آغاز مورخہ 2/ اکتوبر کو دوپہر 3:00 بجے ہوگا۔ اس دوران ہی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطبہ عیدالفطر نشر ہوگا۔ احباب جماعت حسب پروگرام استفادہ فرمائیں۔

صدقہ وخیرات کی برکات

بے شک صدقہ اللہ تعالیٰ کا غصہ دور کرتا ہے اور بری حالت کو رفع کرتا ہے۔ (ترمذی)

آدمی کا صدقہ کرنا عمر کو بڑھاتا ہے اور بری موت سے بچاتا ہے۔ (کنزالعمال)

اے ابن آدم تو دل کھول کر خرچ کر اللہ تعالیٰ تجھ پر بھی خرچ کرے گا۔ (مسلم کتاب الزکوٰۃ)

احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ وہ اپنے عطیہ جات مد امداد نادار مریضان میں جمع کروا کر ثواب دارین حاصل کریں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

ضرورت اساتذہ

نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ کے انگلش میڈیم بوائز ہائی سکول میں انگریزی، میتھ، کیمسٹری اور بیالوجی پڑھانے کیلئے اساتذہ کی ضرورت ہے۔ ایسے احباب جماعت جنہوں نے مذکورہ بالا مضامین میں ایم۔اے، ایم ایس سی یا بی۔اے، بی۔ایس۔سی بطور ریگولر سٹوڈنٹ کی ہو وہ اپنی اپنی درخواستیں امیر صاحب جماعت کی تصدیق کے ساتھ چیئرمین صاحب ناصر فاؤنڈیشن کے نام نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو بھجوائیں اور درخواست کے ساتھ اپنے تعلیمی سرٹیفیکیٹس کی فوٹو کاپی بھی منسلک کریں۔

(پرنسپل نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ)

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

نمبر 7

(عہد خلافت کے اہم واقعات۔سوال و جواب کی شکل میں)

سوال: 2005ء میں جماعت کے کس نظام کو قائم ہوئے 100 سال مکمل ہوئے۔

جواب: نظام وصیت کو۔

سوال: 7/اکتوبر 2005ء کو کیا دردناک واقعہ پیش آیا۔

جواب: مونگ (منڈی بہاؤالدین) میں احمدیہ بیت الذکر میں فجر کی نماز کی ادائیگی کے وقت نامعلوم افراد نے فائرنگ کے ذریعہ 8 احمدیوں کو شہید کر دیا۔

سوال: پاکستان میں تاریخ کا سب سے بڑا زلزلہ کب آیا اور کتنے لوگ ہلاک ہوئے۔

جواب: 8/اکتوبر 2005ء۔اس زلزلہ میں 80 ہزار سے زائد افراد جاں بحق ہوئے۔

سوال: حضور انور نے انصاراللہ U.K کے خرچ سے تعمیر ہونے والی بیت الناصر ہارٹلے پول کا افتتاح کب فرمایا۔

جواب: 11 نومبر 2005ء کو۔

سوال: حضور انور ماریشس میں کس تاریخ کو پہنچے۔

جواب: 28 نومبر 2005ء کو۔

سوال: ماریشس میں حضور انور نے صدر مملکت سے کس تاریخ کو ملاقات کی۔

جواب: 29 نومبر 2005ء کو۔

سوال: 2 دسمبر 2005ء کو کس ملک کے جلسہ سالانہ میں حضور انور نے شرکت کی۔

جواب: ماریشس کے۔

سوال: حضور انور بھارت کس تاریخ کو پہنچے۔

جواب: 11 دسمبر 2005ء کو۔

سوال: حضور انور نے بھارت کی کس اہم شخصیت سے 12 دسمبر کو ملاقات فرمائی۔

جواب: 12 دسمبر 2005ء کو بھارت کے سپیکر نیشنل اسمبلی سے ملاقات فرمائی۔

سوال: حضور انور 12 دسمبر 2005ء کو کن جگہوں پر تشریف لے گئے۔

جواب: مزار حضرت خواجہ بختیار کاکی، قطب مینار، مسجد قوت الاسلام، قلعہ تغلق آباد، مقبرہ ہمایوں وغیرہ کے لئے تشریف لے گئے۔

سوال: خلافت کے بعد حضور انور پہلی دفعہ کب قادیان تشریف لے گئے۔

جواب: 15 دسمبر 2005ء کو۔

سوال: حضور انور نے پہلی دفعہ قادیان سے خطبہ اور کہاں سے ارشاد فرمایا۔

جواب: 16 دسمبر 2005 کو بیت اقصیٰ سے۔

سوال: حضور انور نے کارکنان جلسہ سالانہ سے کب خطاب فرمایا۔

جواب: 22 دسمبر 2005ء کو۔

سوال: حضور نے جلسہ سالانہ قادیان میں افتتاحی خطاب کب فرمایا۔

جواب: 26 دسمبر 2005ء کو۔

سوال: جلسہ سالانہ قادیان 2005 کی خبریں کن کن بھارتی اخباروں نے شائع کیں۔

جواب: 1۔روزنامہ جگ بانی۔2۔روزنامہ ہندسماچار۔3۔روزنامہ دینک جاگر۔
4۔روزنامہ اتم ہندو۔5۔روزنامہ نواں زمانہ۔

سوال: حضور انور نے جنوری 2006ء میں کس ادارے کی صد سالہ جوبلی میں شرکت فرمائی۔

جواب: جامعہ احمدیہ قادیان کی۔

سوال: جامعہ احمدیہ قادیان کی صد سالہ جوبلی کہاں ہوئی۔

جواب: بیت اقصیٰ قادیان میں۔

سوال: حضور انور ہوشیار پور کس تاریخ کو تشریف لے گئے۔

جواب: 8 جنوری 2006ء کو۔

مکرم مولانا دوست محمد شاہد صاحب مؤرخ احمدیت

خلافت احمدیہ کی پہلی صدی کے پہلے رمضان کے روح پرور کوائف

مشرق و مغرب کے دانشور اور سکالر کہتے ہیں اور بجا کہتے ہیں کہ تاریخ صدیوں کے انقلابوں اور نیرنگیوں کے باوصف اپنے تئیں دوہراتی ہے۔عین اس کے مطابق یہ حیرت انگیز توارد ہے کہ خلافت احمدیہ کی دوسری صدی کی طرح پہلی صدی کا پہلا رمضان ستمبر ہی میں خدا کا مقدس مہمان بن کر جلوہ فگن ہوا اور اس کا آغاز بھی مروجہ جنتریوں کے خلاف ایک روز قبل ہوا اور عیدالفطر ایک منفرد روحانی ماحول اور دینی روایات کے ساتھ اکتوبر میں منائی گئی۔

خلافت احمدیہ کے سدابہار درخت کے پہلے مقدس پھل اور قدرت ثانیہ کے مظہر اول حضرت مولانا نورالدین کے عہد مبارک کا رمضان قادیان میں اپنی عظیم الشان برکتوں اور تابانیوں سے ظاہر ہوا۔اخبار بدر نے اس کے استقبال کے لئے قبل از وقت سحر و افطار کا نقشہ صفحہ اول پر شائع کیا اور رمضان اور اس کی برکات کے متعلق مفصل اداریہ سپرد قلم کیا۔

بیت اقصیٰ میں دوبار تراویح میں قرآن عظیم ختم کیا گیا۔پہلی بار حضرت علامہ روشن علی صاحب اور دوسری بار حافظ جمال احمد صاحب نے یہ سعادت حاصل کی۔ بیت مبارک میں تراویح کی نماز کا سحری سے قبل پڑھانے کا شرف حضرت ابوسعید عرب کو حاصل ہوا جو رنگون سے قادیان میں فیض رمضان کے اکتساب کے لئے اپنے مقدس امام کے حضور آئے۔ یہ تراویح 20 رمضان تک جاری رہیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول بنفس نفیس دوسرے خدام کے ساتھ اس میں شرکت فرماتے رہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے دوران رمضان سورۃ الفتح ق اور الحجرات کے بیشمار حقائق و معارف اپنے درس مبارک میں بیان فرمائے۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے اپنی زبان مبارک سے جو خطبات جمعہ ارشاد فرمائے ان میں سے پہلے خطبہ رمضان میں سورۃ البقرہ کی آیت 41 کی تفسیر کرتے ہوئے یکم اکتوبر 1908ء کو فرمایا۔

اس قوم کے مورث اعلیٰ کا نام نہیں لیا بلکہ لقب بیان کیا ہے۔اس سے ان کو شرم اور جوش دلانا مقصود تھا۔عربی زبان میں اسرائیل کے معنے ہیں خدا کا بہادر سپاہی۔اس نام سے یہ عزت دلائی کہ تم بھی اللہ کے بہادر بنو۔ ہماری سرکار سید الابرار سے بڑھ کر اور کون اللہ کا پہلوان ہے۔

پھر فرمایا:۔

وہ نعمت کیا تھی؟ دوسری جگہ فرمایا کہ تم میں سے انبیا و ملوک بنائے اور وہ کچھ دیا جو دوسروں کو نہ دیا گیا۔

اب......تم اپنی حالت پر غور کرو کہ تم پر بھی یہ انعام ہو چکے ہیں۔اس کتاب پر ایمان لاؤ کیونکہ **اس کتاب کی خوبی یہ ہے کہ تمام نصائح کی جامع ہے۔**

(بدر 26 نومبر 1908ء ص3 ''خطبات نور'' طبع جدید 364,363)

20 رمضان المبارک کی فجر میں حضرت اقدس بیت مبارک میں معتکف ہوئے۔آپ کے ساتھ خاندان مسیح موعود کے موعود اور عالی گہر سیدنا محمود بھی تھے۔

اخبار بدر (22/اکتوبر 1908ء ص8) نے اس ضمن میں یہ ایمان افروز نوٹ زینت اشاعت کیا۔

''مولانا کی فیض رساں طبیعت اس خلوت میں بھی جلوت کا رنگ دکھا رہی ہے۔قرآن مجید سنانا شروع کیا ہے۔صبح سے ظہر کی (نداء) تک اور پھر بعد از ظہر عصر تک اور عصر سے شام اور پھر عشاء کی نماز کے بعد تک تین پارے ختم کرتے ہیں۔مشکل مقامات کی تفسیر فرما دیتے ہیں۔سوالوں کے جواب بھی دیتے جاتے ہیں یہ نہ تھکنے والا دماغ خاص موہبت الٰہی ہے''۔

اس تاریخی رمضان میں راس التیـــن سے یہ بھاری خوشخبری ملی کہ ڈیڑھ سو پاک نفوس خدا کے مقدس سلسلہ میں داخل ہوگئے ہیں۔

(الحکم 17/اکتوبر 1908ء ص6 کالم 3)

دوران رمضان قادیان میں ایک مجلس بیعت منعقد ہوئی جس میں نائب مسیح موعود اور قدرت ثانیہ کے مظہر اول نے فرمایا۔

''بیعت کے معنی ہیں غلام ہو جانے کے''۔

اگر اصول دین سیکھنے ہوں تو چھ مہینہ رہنا ہوگا اگر فروعات سیکھنے ہو تو ایک سال......ایک پادری گارڈن نام میرے مکان پر آیا کرتا تھا ایک دن انجیل کی تعلیم کی خوبیاں بیان کرنے لگا میں نے کہا تمہارا مذہب ایسا نہیں ہے کہ بلند میناروں پر چڑھ کر اللہ اکبر اللہ اکبر کہے جیسا کہ...... کہتے ہیں تمہارے ہاں تو صرف گھنٹہ بجتا ہے''۔ (بدر 15/اکتوبر 1908ء ص5)

عید: خلافت احمدیہ کی پہلی صدی کی پہلی عید قادیان دارالامان میں پوری شان و شوکت سے 27/اکتوبر 1908ء کو منائی گئی۔اس مبارک تقریب میں لاہور، کپورتھلہ اور سیالکوٹ کے بزرگ بھی شامل ہوئے۔ مدیر و موسس اخبار الحکم حضرت شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی کا بیان ہے۔

قادیان کے کل...... نے باستثنائے بعض اس جگہ نماز عید پڑھی جہاں قدیم الایام میں ہمارا سید و مولا امام پڑھا کرتا تھا...... بعد نماز حضرت خلیفۃ المسیح نے خطبہ

باقی صفحہ 11 پر

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

روزہ تقویٰ سکھاتا ہے، تقویٰ اللہ یہ ہے کہ ان امور سے بچا جائے جن سے خدا ناراض ہوتا ہے

نماز پڑھتے یا روزہ رکھتے ہوئے یہ نیت ہو کہ خدا کے حکم کے ماتحت ایسا کرتا ہوں

سیدنا حضرت خلیفة المسیح الثانی کا خطبہ جمعہ فرمودہ 12 مئی 1922ء

حضور نے تشہد وتعوذ اور سورۃ فاتحہ اور سورۃ البقرۃ کی آیت 184 کی تلاوت کے بعد فرمایا۔

میں نے پچھلے خطبہ میں یہ بات بیان کی تھی کہ احکام الٰہیہ انسان کے نفع کے لئے ہیں۔ یعنی ان کی غرض انسان سے کچھ لینا نہیں ہوتا بلکہ کچھ دینا ہوتا ہے۔ چنانچہ اس آیت میں بھی جو میں نے پڑھی ہے روزوں کے فرض کرنے کی وجہ بتائی گئی کہ لعلکم تتقون تاکہ متقی ہو جاؤ۔ روزہ سے تم لوگوں کا متقی بنا دینا غرض ہے۔

روزے کس طرح متقی بنا دیتے ہیں؟ اور تقویٰ کیا چیز ہے؟ ان دو سوالوں کے حل ہونے سے یہ آیت حل ہو جاتی ہے۔ کیونکہ جب کسی چیز کی تعریف معلوم ہو جائے تو یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ وہ کس طرح حاصل ہو سکتی ہے اگر یہ معلوم نہ ہو کہ روٹی کیا چیز ہے تو کسی کے یہ کہنے سے کہ آگ جلاؤ۔ روٹی پکائیں۔ آگ جلانے اور روٹی پکانے کا تعلق معلوم نہ ہوگا۔ فرض کرو کہ جوتی یا کپڑے کا نام روٹی ہوتا تو یہ کہنے پر کہ آگ لاؤ، روٹی پکائیں۔ واقف یہ کہنے والے پر ہنسیں گے پس اگر کسی چیز کی تعریف معلوم نہ ہو۔ تو اس سے تعلق رکھنے والی باتوں کو نہیں سمجھ سکتے اور یہ نہیں معلوم کر سکتے کہ فلاں چیز فلاں چیز کے ذریعہ سے کس طرح حاصل ہو سکتی ہے۔ مثلاً اگر کوئی کہے کہ قینچی لاؤ۔ روٹی پکائیں تو ناواقف سمجھیں گے کہ قینچی کا روٹی پکانے سے تعلق ہوگا لیکن اگر کسی کو معلوم ہو کہ روٹی پکانے کے لئے پہلے آٹا گوندھتے ہیں پھر آگ جلاتے ہیں۔ تو وہ کہے گا کہ قینچی کا روٹی پکانے سے تعلق نہیں۔ روٹی تو آٹا گوندھ کر آگ پر پکائی جاتی ہے۔

پس ہمیں پہلے مقصد معلوم ہونا چاہئے پھر تطابق معلوم ہو جائے گا۔ اس لئے ہمیں معلوم ہونا چاہئے کہ کس طرح روزوں سے تقویٰ حاصل ہوتا ہے۔ اس آیت کا مفہوم بیان کرنے سے پہلے ضرورت ہے کہ یہ بیان کیا جائے کہ اتقاء کیا ہے۔

اتقا۔ وقٰی سے نکلا ہے۔ وقٰی کے معنی ہیں کسی چیز کو محفوظ کر دینا، بچا دینا۔ اس کے اور ضرررساں چیزوں کے درمیان روک ہو جائے۔ یا کسی کی اصلاح کر دینا۔ اسے خرابی اور نقص سے بچا دینا۔ یہ وقٰی کے معنی ہیں۔ کوئی چیز جو اپنی ذات میں بگڑنے کے اسباب رکھتی ہو۔ ان سے اس کو بچا دینا۔ یا ایسی چیزوں سے بچا دینا جو اسے خراب کرنے والی ہوں۔ اتقاء کے معنی ہیں اپنے اندر یہ بات پیدا کرنا یعنی وقٰی کے جو معنی ہیں وہ اپنے اندر بات پیدا کرنا نقصان سے محفوظ ہو جانا۔ دوسری چیزوں کے ضرروں اور نقصانوں سے محفوظ ہو جانا یا یہ معنی بھی ہوں گے کہ اپنے اندر یہ حال پیدا کر لینا کہ جس سے ہماری اندرونی اصلاح ہو جائے۔

پھر اتقو اللہ کے کیا معنی ہیں؟ یہ کہ ہمارے اور خدا کے تعلقات کے درمیان جو کسی وجہ سے نقص آ سکتا ہے اس سے بچ جانا۔ اس کے یہ معنی نہیں کہ اللہ کوئی ضرررساں ہے اس سے بچ جانا۔ بلکہ خدا سے تعلق میں جن باتوں سے ایسا نقص پیدا ہو سکتا ہے جس پر گرفت ہو اس سے بچنے کو تقویٰ کہتے ہیں۔ مطلب یہ ہوا کہ اس خرابی کو دور کرنا جس سے انسان خدا کی گرفت میں آ جائے یا اندرونی اصلاح کرنا۔ تو عام فہم لفظوں میں یہ مفہوم ہوا کہ تقویٰ اللہ کے معنی ہیں ایسی باتوں سے بچ جانا جو اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا موجب ہوتی ہیں یا ان باتوں کو دور کرنا جو انسان کے اندر پیدا ہو کر خدا تعالیٰ کی ناراضگی کو بھڑکاتی ہیں۔ پس لعلکم تتقون کے یہ معنی ہوئے کہ خدا تعالیٰ نے روزے اس لئے مقرر فرمائے ہیں کہ تم ان اشیاء کے حملوں سے بچ جاؤ جو خدا سے ناراضگی بڑھاتی ہیں یا اپنے نفسوں کی ایسی اصلاح کرو کہ خدا کی ناراضگی کے اسباب دور ہو جائیں یا یہ کہ ایسے سامان جو خواہ بیرونی ہوں یا اندرونی جن سے خدا ناراض ہوتا ہے ان سے بچ جاؤ۔ یہ تقویٰ اللہ ہے۔

دوسرا سوال یہ ہے کہ روزے کس طرح تقویٰ اللہ کا باعث ہو سکتے ہیں اور کس طرح ان اسباب سے بچا سکتے ہیں جو خدا سے دور کرنے والے ہوں اس کا جوڑ معلوم ہونا چاہئے کیونکہ جب جوڑ معلوم ہو تبھی کام اچھی طرح ہوتا ہے۔

تعلق بتانے سے پہلے میں ان اعمال کی تقسیم بیان کرتا ہوں جن سے نیکی اختیار کی جاتی ہے یا جن پر دنیا میں کام ہو رہا ہے۔ کسی کام میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے بعض کام کئے جاتے ہیں اور بعض نہیں کئے جاتے۔ مثلاً ہم اپنے ماں باپ کو خوش کرتے ہیں تاکہ ہمارے اور ان کے تعلقات مضبوط ہوں۔ مگر وہ تب خوش ہوں گے جب ہم ان کے لئے بعض کام کریں اور بعض نہ کریں۔ پھر ہمارا اپنا نفس ہے اس کی تندرستی کے قیام کے لئے ضروری ہے کہ بعض چیزیں ہم کھائیں اور ایک خاص مقدار میں کھائیں اور بعض نہ کھائیں۔ جو کھانے والی ہیں۔ اگر مقررہ مقدار سے کم کھائیں گے تو ہماری تندرستی قائم نہیں رہے گی اور جو نہیں کھانے والی وہ اگر کھائیں گے تو بھی صحت نہیں رہے گی۔ اسی طرح دوستوں، حاکموں، آقاؤں کے ساتھ کرتے ہیں کہ بعض باتیں ان کی خاطر کی جاتی ہیں اور بعض ان کے لئے چھوڑ دی جاتی ہیں۔ فنون سیکھنے کے لئے بھی یہی کرنا پڑتا ہے۔ انسان کوئی فن نہیں سیکھ سکتا جب تک بعض کام کرے اور بعض نہ کرے۔ مثلاً روٹی پکانا ہے پہلے ضروری ہے کہ اس میں مناسب حد تک پانی ڈالے۔ زیادہ نہ ڈالے۔ ورنہ آٹا پتلا ہو جائے گا پھر خاص حد تک اس کو چوڑا اور گول کرے اگر زیادہ بڑھائی جائے گی تو روٹی نہ پکے گی پھر آگ جلائے اور مناسب حد تک جلائے اور زیادہ نہ جلائے تب روٹی پکے گی۔ اس طرح مثلاً زمیندار ہے اس کو بھی اپنے کام کے انجام دینے کے لئے بعض باتیں کرنی پڑتی ہیں اور بعض سے رکنا پڑتا ہے مثلاً زمیندار ہل چلانے پر مجبور ہے اور مجبور ہے کہ بیج ڈالے لیکن اس پر بھی مجبور ہے کہ ایک ہی جگہ اور قریب قریب ملا کر بیج نہ ڈالے یا گھنے درخت کے نیچے بیج نہ ڈالے۔ اگر ملا کر ڈالے گا تو بیج خراب ہو جائے گا۔ تو جتنے کام ہیں تبھی مکمل ہو سکتے ہیں کہ ان کی تکمیل کے لئے بعض کام کئے جائیں اور بعض نہ کئے جائیں اسی طرح خدا سے تعلق تب مضبوط ہو سکتا ہے کہ بعض کام کریں اور بعض نہ کریں۔ کرنے کے کام حرکت چاہتے ہیں اور نہ کرنے کے سکون ان دونوں باتوں اور حالتوں کو پیدا کرنے کے لئے خدا تعالیٰ نے ہمیں احکام دیئے ہیں۔ جن میں سے ایک صلوٰۃ (نماز) ہے اور دوسرا صوم۔ صلوٰۃ کے فعل میں حرکت پائی جاتی ہے اور صوم کے معنی میں رکنا پایا جاتا ہے نماز قائم مقام ہے ان باتوں کی جو کرنے کی ہیں اور روزہ قائم مقام ہے ان باتوں کا جو نہ کرنے کی ہیں۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ بس یہی دو احکام ہیں۔ شریعت کے احکام تو بہت ہیں مگر یہ دونوں احکام دونوں قسم کے احکام کے لئے مرکزی نقطہ اور قائم مقام ہیں۔ یعنی کرنے کے احکام صلوٰۃ کے ماتحت آ جاتے ہیں اور نہ کرنے کے احکام صوم کے ماتحت اور ان دونوں سے تقویٰ اللہ پیدا ہوتا ہے۔ جب تک یہ دونوں طرح کے احکام نہ بجا لائے جائیں تقویٰ اللہ نہیں پیدا ہو سکتا۔ نماز پڑھنے کا یہ مطلب ہے کہ میں خدا کے حکم سے یہ کام کرتا ہوں اور روزے رکھنے کا یہ مدعا ہے کہ میں خدا کے حکم کے ماتحت یہ کام چھوڑتا ہوں۔ نماز کا چونکہ یہاں ذکر نہیں اس لئے میں اس کی تفصیل چھوڑتا ہوں اور روزے کو لیتا ہوں۔ روزے میں حکم ہوتا ہے کہ یہ کرو وہ نہ کرو۔ مثلاً حکم ہوتا ہے کہ روٹی نہ کھاؤ۔ پانی نہ پیو۔ بیوی خاوند کے تعلقات کے پاس نہ جاؤ اور نماز میں حکم ہوتا ہے وضو کرو اور اس طرح کرو کھڑے ہو جاؤ اور یوں کھڑے ہو اور فلاں سمت کو کھڑے ہو۔ جھکو اور یوں جھکو وغیرہ۔ گویا نماز میں کرنے اور روزہ میں نہ کرنے کا حکم ملتا ہے۔

جس طرح نماز میں اللہ تعالیٰ نے یہ بتایا کہ جو کرو ہمارے حکم سے کرو۔ اسی طرح روزہ میں حکم دیا کہ جو کچھ نہ کرو ہماری ممانعت سے نہ کرو۔ اس طرح کوئی انسانی فعل نہیں جو خدا کے تصرف سے باہر رہتا ہو۔ انسان جو کام کرے خدا کے امر کے ماتحت اور جو نہ کرے وہ خدا ہی کی نہی کے ماتحت۔ اس طرح انسان کے تمام اعمال کو خدا کے تصرف کے نیچے لایا گیا ہے۔ پس انسان کو چاہئے کہ وہ اپنے اندر یہ عادت اور یہ قدرت پیدا کرے کہ وہ جو کام کرتا ہے خدا کے لئے کرتا ہے اور جس سے باز رہتا ہے خدا کے حکم سے باز رہتا ہے۔ نماز اور روزہ اس بات کی مشق کے لئے ہیں اور ہر کام کے لئے مشق کی ضرورت ہوتی ہے۔ جیسا کہ سپاہیوں کو مشق کروائی جاتی ہے کہ ان سے خندقیں کھدواتے ہیں۔ چاند ماری کراتے ہیں حالانکہ ان کے سامنے اس وقت دشمن نہیں ہوتا۔ ان تمام کاموں سے یہ غرض ہوتی ہے کہ مشق ہو۔ کیونکہ بغیر مشق کے دنیا میں کوئی کام نہیں ہو سکتا۔ مثلاً لوگ روزانہ معماروں اور نجاروں کو کام کرتے دیکھتے ہیں اور بہت سے خیال کرتے ہیں کہ یہ کام سہل ہے اور ہر شخص بڑی آسانی سے اینٹیں لگا سکتا ہے۔ اسی طرح بڑھئی کے کام کے متعلق سمجھتے ہیں کہ ہم بھی لکڑی کاٹ سکتے ہیں۔ حالانکہ یہ نہیں ہو سکتا جب تک مشق نہ ہو۔ نہ لکڑی کاٹی جا سکتی ہے اور نہ اینٹیں لگائی جا سکتی ہیں۔ حضرت مسیح موعود کے زمانہ میں جبکہ میری عمر چھوٹی تھی۔ ہمارا ایک مکان بن رہا تھا۔ مستری لگے ہوئے تھے۔ یہ لوگ اپنے اوزاروں کی حفاظت کرتے ہیں۔ مگر اس وقت باہر گئے ہوئے تھے۔ میں لکڑی کاٹنا معمولی بات سمجھ کر تیشہ سے لکڑی کاٹنے لگا۔ لیکن میرے ہاتھ پر اس سے آدھ انچ زخم لگ گیا۔ جس کا اب تک نشان ہے۔ چونکہ مشق نہ تھی تیشہ بجائے اصلی جگہ پر پڑنے کے ادھر ادھر پڑتا تھا۔

لطیفہ مشہور ہے کہتے ہیں کہ کوئی امیرزادہ تیراندازی سیکھنے لگا۔ جس نشان پر وہ تیر پھینکتا تھا تیر بجائے اس پر پڑنے کے ادھر ادھر جاتا تھا۔ ایک فقیر جو دیر سے اس نظارہ کو دیکھ رہا تھا۔ اپنی جگہ سے اٹھا اور نشانہ پر آ بیٹھا۔ امیرزادہ کے مصاحبین نے ڈانٹا کہ کیا تمہاری موت آئی ہے اور تمہیں زندگی دوبھر معلوم ہوتی ہے کہ ہدف پر آ بیٹھا ہے۔ فقیر نے کہا زندگی کی خواہش ہی تو یہاں لائی ہے۔ کیونکہ میں دیکھتا ہوں کہ تیر ادھر ادھر تو پڑتے ہیں اگر نہیں پڑتے تو نشانہ کی جگہ پر نہیں پڑتے۔ تو

ناواقف خواہ کسی کام کی نیت بھی کرے تو بھی مشق کے بغیر خلوص نیت کبھی کچھ کام نہیں دے سکتا۔ مثلاً اگر کسی شخص کے بیٹے پر اس کا دشمن تلوار اٹھائے اور اس شخص کے پاس بندوق ہو۔ مگر اس کو چلانے کی مشق نہ ہو۔ ایسی حالت میں بیٹے سے محبت کی وجہ سے اور اس کو بچانے کی نیت سے دشمن پر بندوق چلائے تو بجائے دشمن کے ممکن ہے بیٹے ہی کو مار ڈالے اور اس طرح اس کا بیٹا بجائے دشمن کے ہاتھ سے مرنے کے باپ ہی کے ہاتھ سے مارا جائے۔ برخلاف ازیں مشاق لوگ بطور تماشہ اپنے بچے کے سر پر سیب رکھ کر گولی سے اڑا دیتے ہیں اور بچے کو کوئی ضرر نہیں پہنچتا۔ یہ محض تماشہ کے لئے اپنے پیارے بچہ کو خطرے میں ڈالتے ہیں اور بچا لیتے ہیں مگر ناواقف باوجود خطرے سے نکالنے کی نیت اور ارادے کے اس کی جان لے لیتا ہے۔ اسی طرح سپاہی چند روپیہ لے کر مشق کی بنا پر دشمن کا مقابلہ کرتا ہے اور ایسے ایسے لوگوں کو گرا دیتا ہے جو اس سے مضبوط اور طاقتور ہوتے ہیں لیکن جس کو مشق نہ ہو وہ اپنی جان کی حفاظت بھی نہیں کرسکتا۔ اسی طرح تیراک کی مثال ہے وہ محض تفریح یا گرمی میں چند منٹ ٹھنڈک حاصل کرنے کے لئے تیرتا ہے مگر ایک دوسرا شخص جو تیرنا نہیں جانتا وہ اگر دریا میں پڑ جائے تو اپنی جان کی بھی حفاظت نہیں کرسکتا۔ سمندر کے کناروں پر بعض اقوام کے بچے پیسہ دو پیسہ کے لئے غوطہ لگاتے ہیں۔ لوگوں کو کہتے ہیں کہ پانی میں پیسے ڈالو ہم نکالیں گے اور قبل اس کے کہ پیسہ زمین پر جائے نکال لاتے ہیں۔ مگر ایک دوسرا شخص جو تیرنا نہیں جانتا۔ اپنے ڈوبتے ہوئے بیٹے کو نہیں بچا سکتا۔ اور اگر ڈوب چکا ہو تو اپنے مردہ بچہ کی لاش بھی نہیں نکال سکتا کہ خشکی پر دفن کر سکے۔ اس سے ثابت ہوا کہ جن کو کسی کام کی مشق ہو۔ ان کے نزدیک مشکل سے مشکل کام آسان ہوتا ہے اور جن کو مشق نہ ہو وہ خطرہ کے وقت اپنی یا اپنے بچہ کی عزیز جان باوجود کوشش کے بھی نہیں بچا سکتے۔

پس شریعت نے جو احکام دیئے ہیں ان میں بعض کرنے کے متعلق ہیں اور بعض نہ کرنے کے متعلق ہیں اور ان کا مرکز نماز اور روزہ ہیں۔ تا کہ انسان ان کے ذریعہ اس بات کی مشق کرے کہ جب کوئی خدا کا حکم آئے گا تو میں وہ بجالاؤں گا اور جس کام سے رکنے کے متعلق حکم آئے گا اس سے رک جاؤں گا جب یہ مشق ہوگی تو وقت پر کامیاب ہوگا اور اگر مشق نہیں ہوگی تو موقع آنے پر رہ جائے گا۔

دیکھو جب سپاہی سے خندق کھدوائی جاتی ہے۔ اس وقت اگر کوئی کہے کہ یہ کیا فضول حرکت ہے کونسا اس کے سامنے دشمن آگیا ہے۔ تو یہ اس کی نادانی اور ناواقفی ہوگی۔ کیونکہ سپاہی سے خندق کھدوانا اور چاند ماری کرانا اور محنت کے کام لینا اس کے قدم کو جنگ میں مضبوط کر دیتا ہے اور جب موقع آتا ہے تو انہی خندقیں کھودنے اور چاند ماری کرنے کی وجہ سے دشمن سے خوب مقابلہ کرتا ہے لیکن جو آرام کرتے ہیں اور ان کو مشق نہیں ہوتی وہ لڑائی میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکتے۔

مشہور ہے اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ کہاں تک درست ہے کہ ایک بے وقوف بادشاہ کو خیال آیا کہ فوجوں پر بہت پیسہ خرچ ہوتا ہے کیوں نہ فوجوں کو توڑ دیا جائے اور وقت ضرورت قصائیوں سے کام لیا جائے۔ یہ بھی تو خون بہاتے رہتے ہیں۔ چنانچہ فوجیں توڑ دی گئیں۔ اس کا جب غنیم کو علم ہوا تو وہ چڑھ آیا اور بادشاہ نے ملک کے قصائی جمع کر کے انہیں مقابلہ کے لئے بھیجا لیکن وہ واپس بھاگ آئے۔ جب بادشاہ نے بھاگ آنے کی وجہ پوچھی تو کہا بادشاہ سلامت وہ تو نہ رگ دیکھتے ہیں نہ پٹھا اندھا دھند مارتے چلے جاتے ہیں۔ ہم وہاں کیا کرسکتے ہیں۔ چونکہ سپاہی مرنا اور مارنا دونوں باتیں جانتا ہے وہ اگر دیکھتا ہے کہ میں دشمن کو نہیں مار سکتا تو ملک کی حفاظت کے لئے خود مر جاتا ہے اور بھاگنے کی نسبت مر جانا بہتر سمجھتا ہے۔ مگر قصائی آرام سے چھری تیز کر کے ذبح کرنا ہی جانتا ہے۔ اس لئے وہ دوسرے کے مقابلہ میں کب کھڑا ہوسکتا ہے۔ پس ہمیں بھی شریعت نے مشق کرائی ہے۔ جس میں یہ شرط ہے کہ انسان نماز پڑھتے یا روزہ رکھتے ہوئے نیت کرے کہ خدا کے حکم کے ماتحت ایسا کرتا ہوں اور جب یہ مشق پختہ ہو جائے تو پھر خدا تعالیٰ کے لئے خواہ کچھ کرنا پڑے آسانی سے کر سکے گا۔

یہ مت کہو کہ نماز پڑھنے والا خدا کے لئے وطن کیسے چھوڑ دے گا۔ چونکہ اسے خدا کے لئے کام کرنے کی عادت ہوگی۔ جب خدا کے لئے اسے وطن چھوڑنا پڑے گا تو چھوڑ دے گا۔ دیکھو فوج میں چاند ماری کراتے ہیں تو سامنے آدمی نہیں ہوتے بلکہ ایک تختہ ہوتا ہے۔ مگر اسی پر کی ہوئی مشق دشمن کے مقابلہ میں کام آتی ہے۔ نماز سے یا چاند ماری سے غرض اس قسم کا کام کرنے کی عادت یا مشق کرانا ہوتی ہے۔ دیکھو جب بچہ مٹی کھاتا ہے یا کوئی ایسا کام جو اخلاق کے خلاف ہے کرتا ہے۔ یا زمین پر بیٹھتا ہے اور تم روکتے ہو۔ تو اس سے تمہاری یہ غرض نہیں ہوتی کہ بڑا ہو کر زمین پر نہ بیٹھے یا مٹی نہ کھائے کیونکہ یہ کام تو وہ بڑا ہو کر خود بخود چھوڑ دے گا۔ ہاں اس طرح تم اس سے نافرمانی کی عادت نکالتے اور فرمانبرداری کی مشق کراتے ہو اسی طرح نماز سے غرض نماز کی مشق نہیں بلکہ خدا تعالیٰ کے لئے کام کرنے کی مشق ہے کہ جو کام کرے خدا کے لئے کرے اور روزہ سے یہ غرض ہے کہ جو کام چھوڑے وہ خدا کے لئے چھوڑے اور اس کو آئندہ جو کام بھی کرنا پڑے یا چھوڑنا پڑے۔ خدا ہی کی رضا کے لئے کرے یا چھوڑے۔ روزہ کی مشق میں خدا کے لئے کاموں سے رکنے کی مشق کرانا مدنظر ہے اور نماز میں خدا کے لئے کام کرنے کی مشق کرانا مدنظر ہے۔

روزے کے ذاتی فوائد بھی ہیں وہ انشاء اللہ اگلی دفعہ بیان کریں گے۔ فی الحال یہ سمجھو کہ جیسا فوجوں میں مشق کرائی جاتی ہے اور ان کو حکم ہوتا ہے ''مارچ'' تو وہ چل پڑتے ہیں اور جہاں روکنا ہوتا ہے وہاں کہہ دیا جاتا ہے ''ہالٹ'' تو ٹھہر جاتے ہیں۔ اس مارچ اور ہالٹ سے اس بات کی مشق کرانا مدنظر ہوتا ہے کہ جب کام کرنے کا حکم دیا جائے۔ کرو اور جب کام سے رکنے کا حکم دیا جائے رک جاؤ۔ اسی طرح نماز سے کام کرنے کی مشق کرانا اور روزے سے روکنے کی مشق مدنظر ہے۔ گویا کہ یہ بھی مارچ اور ہالٹ کی طرح دو حکم ہیں۔ یہ دونوں احکام علیحدہ علیحدہ ہیں اور ان دونوں کے فوائد ہیں ان سے مشق کرائی جاتی ہے اور شرط یہ ہے کہ انسان جانتا ہو کہ میں خدا کے حکم کے ماتحت کام کر رہا ہوں۔ لیکن اگر نماز اس نیت سے نہ پڑھی جائے گی کہ میں خدا کے حکم کے ماتحت پڑھتا ہوں اور روزہ اس نیت سے نہیں رکھا جائے گا کہ میں خدا کے حکم سے رکھتا ہوں تو یہ مشق نہ ہوگی۔

پس نماز اور روزے کا ایک یہ بھی فائدہ ہے کہ انسان کو خدا تعالیٰ کے لئے کام کرنے اور خدا تعالیٰ کے لئے کاموں سے رکنے کی مشق ہوتی ہے اور جب کوئی ایسا موقع آتا ہے جہاں خدا کا یہ حکم ہوتا ہے کہ یہ کام کرو وہاں آسانی اور خوشی سے وہ کام کرسکتا ہے اور جہاں خدا کا یہ حکم ہوتا ہے کہ اس کام سے رک جاؤ وہاں آسانی سے رک سکتا ہے۔ علاوہ ازیں روزے کے ذاتی فوائد بھی ہیں۔ جو انشاء اللہ اگر توفیق ملی تو اگلی دفعہ بیان کروں گا۔ (الفضل 18 مئی 1922ء)

(خطبات محمود جلد 7 ص 269)

مرسلہ: حنیف احمد محمود صاحب

رمضان المبارک کے متعلق قرآنی احکام

رمضان کے روزوں کی فرضیت

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! تم پر روزے فرض کر دیئے گئے ہیں جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کئے گئے تھے تاکہ تم تقویٰ اختیار کرو۔

(البقرۃ:184)

روزے ایک ماہ رکھنے کی ہدایت

رمضان کا مہینہ جس میں قرآن انسانوں کے لئے ایک عظیم ہدایت کے طور پر اتارا گیا اور ایسے کھلے نشانات کے طور پر جن میں ہدایت کی تفصیل اور حق و باطل میں فرق کر دینے والے امور ہیں۔ پس جو بھی تم میں سے اس مہینے کو دیکھے اس کے روزے رکھے۔

(البقرۃ:186)

مریض اور مسافر روزہ نہ رکھیں

اور جو مریض ہو یا سفر پر ہو تو گنتی پوری کرنا دوسرے ایام میں ہوگا۔ اللہ تمہارے لئے آسانی چاہتا ہے اور تمہارے لئے تنگی نہیں چاہتا اور چاہتا ہے کہ تم (سہولت سے) گنتی کو پورا کرو۔ (البقرۃ:186)

فدیہ کی ادائیگی

اور ان لوگوں پر جو اس (یعنی روزہ) کی طاقت نہ رکھتے ہوں (بطور فدیہ) ایک مسکین کا کھانا دینا (بشرط استطاعت) واجب ہے۔ (البقرۃ:185)

سحری کھانے کا وقت

اور کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ فجر (کے ظہور) کی وجہ سے (صبح کی) سفید دھاری (رات کی) سیاہ دھاری سے تمہارے لئے ممتاز ہو جائے۔

(البقرۃ:188)

روزہ کو مکمل کرنے کا حکم

پھر روزے کو رات تک پورا کرو۔

(البقرۃ:188)

رمضان کی برکات کے لئے جستجو

(اس مقدس مہینہ میں) جو کچھ برکات (خدا تعالیٰ نے) تمہارے لئے مقرر کر رکھی ہیں ان کے حصول کے لئے پوری کوشش کرو۔

(البقرۃ:188)

لیلۃ القدر کی تلاش

یقیناً ہم نے اسے قدر کی رات میں اتارا ہے اور تجھے کیا سمجھائے کہ قدر کی رات کیا ہے۔ یہ قدر کی رات تو ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ بکثرت نازل ہوتے ہیں اس میں فرشتے اور روح القدس اپنے رب کے حکم سے۔ ہر معاملہ میں۔ سلام ہے۔ یہ (سلسلہ) طلوع فجر تک جاری رہتا ہے۔

(سورۃ القدر)

لیلۃ القدر میں قرآن کا نزول

یقیناً ہم نے اسے ایک بڑی مبارک رات میں اتارا ہے۔ ہم بہر صورت انذار کرنے والے تھے۔

(سورۃ الدخان:4)

☆☆☆☆☆☆

مرسلہ: پروفیسر راجا نصر اللہ خان صاحب

حاصل مطالعہ دانشوروں اور مفکروں کے نقطہ ہائے نظر

تعلیم عدل ومساوات

ڈاکٹر خواجہ عابد نظامی کے ایک مضمون بعنوان ’’رحمت عالم ﷺ‘‘ کی تعلیم عدل ومساوات کے کچھ اقتباسات ملاحظہ فرمائیں۔

رحمت عالم ﷺ کا عدل اپنے بیگانے، دوست دشمن، امیر غریب مسلم غیر مسلم سب کیلئے یکساں اور بلاامتیاز تھا، یہاں ایک بہترین مساوات کا عالم نظر آتا ہے آپؐ کی سیرت طیبہ میں متعدد ایسے واقعات ملتے ہیں کہ آپؐ کے پاس کوئی مقدمہ لایا گیا، جس میں ایک فریق مسلم اور دوسرا غیر مسلم تھا۔ آپؐ نے فریقین کے بیان سننے کے بعد غیر مسلم کے حق میں فیصلہ صادر فرمایا۔ اسی طرح جب تک کسی کے خلاف کامل ثبوت نہ مل جاتا، آپؐ حد جاری نہ فرماتے تھے، لیکن جب کامل ثبوت مل جاتا تو پھر حد جاری کرنے میں کسی کی سفارش مانتے نہ کسی رو رعایت سے کام لیتے۔

(نوائے وقت سنڈے میگزین مورخہ 8۔ اپریل 2007ء)

بنیادی حقوق کے اعتبار سے برابری

اسلامی انقلاب کے حوالے سے آنحضور ﷺ نے جو مثالی معاشرہ قائم فرمایا اس میں بنیادی حقوق کے اعتبار سے سب انسانوں میں مساوات تھی۔ محض نسل، رنگ، خون، زبان، خاندان یا ذات برادری کی بنیاد پر کوئی ادنیٰ یا اعلیٰ نہ تھا، معاشرت، معیشت، تمدن غرض ہر میدان میں اسلامی معاشرہ میں رہنے والوں کے حقوق برابر تھے۔ عزت وفضیلت کا معیار صرف اور صرف خدا خوفی تھا۔

ترجمہ ’’یعنی تم میں سب سے عزت والا وہی ہے جو سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والا ہو‘‘

خطبہ حجۃ الوداع میں آپؐ نے ارشاد فرمایا:۔

اے لوگو تمہارا پروردگار ایک ہے اور تمہارا باپ بھی ایک ہے اور کسی عربی کو عجمی پر اور کسی عجمی کو عربی پر اور کسی سرخ کو کالے پر اور کسی کالے کو سرخ پر فضیلت حاصل نہیں ہے مگر تقویٰ کی بدولت۔ بے شک تم میں اللہ کے نزدیک عزت والا وہ ہے جو زیادہ پرہیزگار ہے۔

اسلام کے نزدیک بنیادی حقوق کے اعتبار سے تمام انسان برابر ہیں جیسا کہ ارشاد نبویؐ ہے۔

’’ تمام انسان آپس میں برابر ہیں جس طرح کنگھی کے دانتے‘‘

(نوائے وقت سنڈے میگزین 8۔ اپریل 2007ء)

خلافتِ فاروقی میں اقلیتوں کے حقوق ومراعات

پروفیسر محمد یونس مندرجہ بالا عنوان کے تحت اپنے مضمون میں رقمطراز ہیں:۔

حضرت عمرؓ نے غیر مسلم رعایا کو جو حقوق دیئے اس کا مقابلہ اگر اس زمانے کی دیگر سلطنتوں سے کیا جائے تو کسی طرح کا تناسب نظر نہیں آتا۔ کسی بھی قوم کے حقوق کو چار عنوانات کے ذیل میں بیان کیا جاسکتا ہے جان، مال، عزت وآبرو اور مذہب ان کے علاوہ جملہ انسانی وقومی حقوق ہوتے ہیں وہ سب انہیں کے ماتحت آتے ہیں حضرت عمرؓ کے عہد میں غیر مسلموں کو یہ حقوق حاصل تھے مفتوحہ اقوام سے جو معاہدے ہوئے وہ اس حقیقت پر شاہد ہیں۔ 16 ہجری 637ء میں بیت المقدس کا معاہدہ حضرت عمرؓ کی موجودگی میں آپؓ کے الفاظ میں تحریر ہوا تھا۔

علامہ ابن جریر طبری نے اپنی تاریخ میں اس کو مفصل بیان کیا ہے فاروق اعظمؓ کے الفاظ یہ تھے۔

’’یہ وہ امان ہے جو خدا کے غلام امیر المومنین عمرؓ نے ایلیا کے لوگوں کو دی۔ یہ امان ان کی جان، مال گرجا، صلیب، تندرست، بیمار اور ان کے تمام مذہب والوں کیلئے ہے۔ اس طرح پر کہ ان کے گرجوں میں سکونت نہ کی جائے گی نہ وہ ڈھائے جائیں گے نہ ان کو اور نہ ان کے احاطہ کو کچھ نقصان پہنچایا جائے گا نہ ان کی صلیبوں اور ان کے مال میں کچھ کمی کی جائے گی۔ مذہب کے بارے میں ان پر جبر نہ کیا جائے گا نہ ان میں سے کسی کو نقصان پہنچایا جائے گا اس معاہدہ پر حضرت عمرؓ کے علاوہ بڑے بڑے صحابہؓ نے دستخط فرمائے۔

(نوائے وقت ملی ایڈیشن 2 فروری 2007ء)

حضرت عمر کا وصیت نامہ

پروفیسر محمد یونس تحریر کرتے ہیں۔

شاہ ولی اللہ نے ’’ازالۃ الخفاء‘‘ میں حضرت عمرؓ کے اس وصیت نامہ کا ذکر کیا ہے جس میں آپؓ نے ذمیوں کے حقوق کے بارے میں اپنے بعد آنے والے خلیفہ کو وصیت کی تھی یعنی ’’ان کے عہد وپیاں کو پورا کیا جائے، ضرورت پڑے تو ان کی حمایت میں لڑائی کی جائے اور طاقت سے زیادہ انہیں تکلیف نہ دی جائے‘‘ علامہ شبلی نعمانی نے اپنی معروف کتاب ’’الفاروق‘‘ میں لکھا ہے۔

’’مذہبی امور میں ذمیوں کو پوری آزادی تھی اور وہ ہر قسم کی رسوم مذہبی ادا کرتے تھے۔

اعلانیہ ناقوس بجاتے تھے صلیب نکالتے تھے ہر قسم کے میلے ٹھیلے کرتے تھے ان کے پیشوایان مذہبی کو جو مذہبی اختیارات حاصل تھے بالکل برقرار رکھے گئے۔ علامہ ابن سعد نے اپنی ’’طبقات‘‘ جلد پنجم میں لکھا ہے کہ حضرت عمرؓ اسلام کی اشاعت کی اگرچہ نہایت کوشش کرتے تھے اور منصب خلافت کے لحاظ سے ان کا یہ فرض بھی تھا لیکن وہیں تک جہاں وعظ اور پند کے ذریعے ممکن تھا آپؓ اکثر فرمایا کرتے تھے کہ مذہب کے قبول کرنے پر کوئی شخص مجبور نہیں کیا جاسکتا اشتق ان کا ایک عیسائی ملازم تھا اس کو ہمیشہ اسلام قبول کرنے کی ترغیب دیتے تھے لیکن جب اس نے انکار کیا تو فرمایا ’’لا اکراہ فی الدین‘‘ یعنی دین میں زبردستی نہیں ہے۔

حضرت عمرؓ نے غیر مسلموں کی جان ومال کو مسلمانوں کے برابر قرار دیا۔ مسلمان اگر کسی ذمی کو قتل کر ڈالتا تھا تو حضرت عمرؓ فوراً اس کے بدلے میں مسلمان کو قتل کرادیتے تھے۔

(نوائے وقت ملی ایڈیشن 2 فروری 2007ء)

برابر کے حقوق

پروفیسر محمد یونس مزید لکھتے ہیں۔

ڈاکٹر حمید اللہ جو مستشرقین یورپ کا گہرا مطالعہ رکھتے ہیں لکھتے ہیں کہ شام میں مسلمانوں نے ایک یہودی کی کچھ زمین جبراً لے کر وہاں مسجد بنائی۔ حضرت عمرؓ کو اطلاع ملی تو مسجد کو ڈھا کر زمین اصل مالک کو واپس کردی...... ان حالات وواقعات کی روشنی میں یقین کیا جاسکتا ہے کہ حضرت عمرؓ کے دور خلافت میں غیر مسلموں (ذمیوں) کی جان، مال، عزت آبرو اور مذہب کا اسی قدر استحفاظ کیا جاتا۔ جس قدر مسلمان کی عزت وناموس کا حتیٰ کہ ان کی نسبت کسی قسم کی تحقیر کا لفظ استعمال کرنا بھی نہایت ناپسندیدہ خیال کیا جاتا تھا۔‘‘

(نوائے وقت 2 فروری 2007ء)

کچھ سبق آموز مشورے

ڈاکٹر شبیر احمد (مقیم امریکہ) کے مضمون سے کچھ اقتباسات پیش ہیں۔

نبی کریم ﷺ کے خاکوں اور عراق کے مقدس مقامات پر حملوں کے بارے میں دنیا بھر سے ہمیں اتنے زیادہ سوالات موصول ہوئے ہیں کہ لکھنے والوں کے اسمائے گرامی سے ہی آج کا کالم بھر جائے۔

ہماری مخلصانہ رائے میں چند بنیادی اصولوں کو اپنانا انسانیت کیلئے بہت اہم ہے۔

(1) کسی مذہب یا مذہبی شخصیت کی توہین نہ کی جائے۔

(2) آزادی اظہار کا حق ذمہ داری سے استعمال ہونا چاہیئے۔

(3) مسلمان ہوں یا کوئی اور کمیونٹی، احتجاج کریں تو پُرامن طور پر۔ گھیراؤ جلاؤ، توڑ پھوڑ، مار کٹائی ہڑتالوں وغیرہ سے اپنے ہی ملک کو نقصان پہنچتا ہے۔

(4) جہاں تک مسلمانوں کا تعلق ہے وقت کی اہم ترین ضرورت ہے کہ فرقے آپس میں سچا بھائی چارہ پیدا کریں۔ ہمارا دشمن کوئی اور ہے اسے پہچانیں۔

(نوائے وقت 15۔ اپریل 2007ء)

بلیومون

سوال: مغرب میں اکثر کبھی کبھار ہونے والی بات کو ونس ان اے بلیومون (Once in a bluemoon) کیوں کہتے ہیں۔ یہ نیلا چاند کیا ہوتا ہے؟

جواب: چاند تو نیلا نہیں ہوتا البتہ یورپ میں صدیوں سے نیلے رنگ کو اداسی کی علامت سمجھا جاتا ہے ہر 33 مہینے بعد ایک مہینہ ایسا ہوتا ہے جس میں پورا چاند دو بار دکھائی دیتا ہے۔

یورپ کی بڑی بوڑھیاں آج بھی اس مہینے کو اداسی اور ڈپریشن کا پیغامبر سمجھتی ہیں۔

(نوائے وقت سنڈے میگزین مورخہ 15۔ اپریل 2007ء)

دلچسپ معلومات

ڈاکٹر شبیر احمد (مقیم امریکہ) اپنے مضمون میں لکھتے ہیں۔

☆ امریکی صدر جان ایف کینیڈی دنیا کے سب سے تیز رفتار بولنے والے تھے وہ ایک منٹ میں اوسطاً 350 سے زیادہ الفاظ کہہ جاتے تھے لیکن اتنی وضاحت سے کہ ان کی بات سمجھنا مشکل نہ ہوتا تھا۔

☆ یہ تو آپ جانتے ہیں کہ ہر دریا کے دو کنارے ہوتے ہیں دایاں اور بایاں۔ دائیں بائیں کا فیصلہ کیسے ہوتا ہے؟ دریا جس سمت میں بہہ رہا ہو آپ ادھر دیکھئے آپ کا بایاں ہاتھ، بائیں کنارے کی طرف ہوگا۔

☆ آج کل قدرتی آفات آتی ہیں بلوے ہوتے ہیں لوٹ مار ہنگامہ آرائی یا حادثات میں بیشمار لوگ مارے جاتے ہیں۔ 1668ء کے لندن میں خود بخود آگ لگی اور آدھا شہر جل کر راکھ ہوگیا۔ یقین نہیں آتا کہ اس خوفناک آتشزدگی میں ایک شخص بھی ہلاک نہ ہوا۔

☆ سچے موتی کو بھول کر بھی سرکے میں نہ ڈالئے وہ گھل جائیں گے اور آپ کچھ نہ کرسکیں گے۔

☆ دس میں سے نو جاندار سمندر میں رہتے ہیں یعنی خشکی پر رہنے والے جانداروں کی تعداد سمندر کے مقابلے میں دسواں حصہ ہے۔

☆ البرٹ آئن سٹائن دنیا کا ذہین ترین انسان نو سال کی عمر میں صاف نہیں بول سکتا تھا اس کے والدین اور ٹیچر اسے ذہنی طور پر پسماندہ سمجھتے تھے۔

☆ شہد اس لئے آسانی سے ہضم ہو جاتا ہے کہ اسے شہد کی مکھی ہضم کر چکی ہوتی ہے۔

☆ آپ نے غور فرمایا ہوگا کہ قرآن کریم میں اکثر سماعت کا ذکر بصارت سے پہلے ملتا ہے۔ آدمی جب مرنے لگتا ہے تو حس بصارت سب سے پہلے جاتی ہے اور سننے کی صلاحیت سب سے آخر میں۔

(نوائے وقت سنڈے میگزین 18 مارچ 2007ء)

تحریک خلافت

ڈاکٹر خواجہ عابد نظامی اپنے مضمون ''سید کشفی شاہ نظامی'' میں لکھتے ہیں۔

''عیار گاندھی اس تحریک کے اندر محدود نیشنلزم (یعنی ہندوستانیت کا جذبہ) پیدا کرنے میں کامیاب ہوگیا۔ اس کی حیلہ گری کا دوسرا کمال یہ تھا کہ وہ خود خالصتاً اس اسلامی تحریک کا قائد بن بیٹھا۔ نیشنلسٹ مسلمان اسے مسجدوں کے اندر لے جانے لگے، جہاں وہ منبر پر بیٹھ کر مسلمانوں سے خطاب کرتا۔

گاندھی کی اس مکاری کو جن لوگوں نے جلد ہی بھانپ لیا، ان میں علامہ اقبال، قائداعظم اور بعض دوسرے دوراندیش مسلمان لیڈروں کے ساتھ خواجہ حسن نظامی بھی تھے، جنہوں نے مسلمانوں کو بروقت خبردار کیا اور بتایا کہ تحریک خلافت میں ہندوؤں کی شرکت بالآخر مسلمانوں کیلئے سخت نقصان دہ ثابت ہو گی۔ ...... اسی زمانے میں نیشنلسٹ علماء نے تحریک ہجرت شروع کی۔ خواجہ حسن نظامی کی طرح شاہ صاحب (سید کشفی شاہ۔ ناقل) کا بھی یہی خیال تھا کہ یہ ایک غیر دانشمندانہ اور عجلت میں کیا ہوا فیصلہ ہے۔ بعد میں حالات نے بھی اس کی تصدیق کی۔ اس تحریک کے زیر اثر ہزاروں مسلمان جو ہندوستان سے ہجرت کر کے افغانستان چلے گئے تھے، بے نیل مرام واپس آ گئے وہ کسی طرح بھی وہاں جذب نہ ہو سکے۔''

(نوائے وقت سنڈے میگزین 11 فروری 2007ء)

سابق گورنر سندھ اور سابق چیف جسٹس ہائیکورٹ جناب قدیرالدین احمد بیان کرتے ہیں:۔

''سول نافرمانی اور خلافت کی تحریکوں کو مشترکہ طور پر چلایا گیا اور مسلمانوں نے ہندوؤں کا یہاں تک اعتبار کیا کہ انہیں تحریک خلافت کا سربراہ مقرر کر دیا۔ مجھے وہ زمانہ اچھی طرح یاد ہے جب گلی گلی، کوچے کوچے میں ہندو مسلم اتحاد کے نعرے گونجا کرتے تھے۔ اس قدر زبردست تحریک چلی کہ انگریز حکومت کی جڑیں ہل گئیں لیکن ہندوؤں نے محسوس کیا کہ اگر اس وقت آزادی ملی تو حکومت مسلمانوں کے ہاتھوں میں چلی جائے گی۔ چنانچہ گاندھی جی نے جو سول نافرمانی اور خلافت کی تحریکوں کے سربراہ تھے ان تحریکوں کو منسوخ کرنے کا اعلان کر دیا۔ مسلمان دیکھتے ہی رہ گئے۔ یہ دونوں تحریک ان کی مرضی کے خلاف ختم کر دی گئیں۔''

(نوائے وقت سنڈے میگزین 22۔ اپریل 2007ء)

قائداعظم کی سیرت و کردار

ڈاکٹر خواجہ عابد نظامی کے مضمون سے کچھ بصیرت افروز واقعات:۔

رسول اللہ ﷺ سے محبت

جس زمانے میں قائداعظم انگلستان میں تعلیم حاصل کرنے کیلئے گئے۔ اس زمانے میں لندن میں قانون کی اعلیٰ تعلیم دینے والے چار بڑے ادارے تھے...... قائداعظم نے لنکنز ان میں داخلہ لینا پسند کیا۔ لیکن کیوں؟ اس کی وجہ انہوں نے خود 1947ء میں کراچی بار کے ایک اجتماع میں یوں بیان کی کہ

''ایک مسلمان کی حیثیت سے میرے دل میں رسول اللہ ﷺ کی بہت محبت تھی۔ ایک دن میں اتفاقاً لنکنز ان گیا اور میں نے اس کے دروازے پر رسول اللہ ﷺ کا اسم مبارک لکھا ہوا دیکھا۔ میں نے فوراً ''لنکنز ان'' میں داخلہ لے لیا۔ کیونکہ اس کے صدر دروازے پر رسول اللہ ﷺ کا نام مبارک دنیا کے عظیم قانون سازوں میں سرفہرست لکھا تھا۔

اسلامی کیریکٹر

قائداعظم کی شادی محترمہ رتن بائی سے ہوئی جن کا تعلق ایک پارسی خاندان سے تھا لیکن قائداعظم نے ان سے اس وقت تک شادی نہ کی جب تک وہ مسلمان نہ ہو گئیں ان کے بطن سے ایک بیٹی (وینا) پیدا ہوئی۔ قائداعظم کو ''وینا'' سے بہت محبت تھی لیکن والدہ کی وفات کے بعد ''وینا'' کی پرورش ننھیال میں ہوئی۔ جنہوں نے اس کی شادی ایک پارسی نژاد نوجوان سے طے کر دی۔ قائداعظم کو پتہ چلا تو انہوں نے مولانا شوکت علی سے کہا کہ جس طرح بھی ہو ان کی بیٹی کو اسلام پر رکھا جائے۔ لیکن مولانا قائداعظم کی اس خواہش کی تکمیل میں کامیاب نہ ہو سکے۔ قائداعظم کو اس بات کا بہت رنج ہوا۔

میں صرف مسلمان ہوں

کانپور میں کسی ''احراری'' نے قائداعظم سے سوال کیا۔

''آپ شیعہ ہیں یا سنی؟''

قائداعظم نے کہا

